In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful
بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیر حوالہ/Ref SPM-244
تاریخ/Date 18-09-2025

ہیومینٹی فرسٹ کے قیام کو 30 سال مکمل

دنیا بھر کے 65 ممالک میں "Walk. Run. Bike Across the Globe for Humanity" کیمپین کا انعقاد

دنیا بھر میں فلاحی خدمات انجام دینے والی عالمی NGO ''ہیومینٹی فرسٹ'' اس سال اپنے قیام کے 30 سال مکمل ہونے پر ایک منفرد عالمی مہم منعقد کر رہی ہے۔ اس مہم کا عنوان ہے:

"Walk. Run. Bike Across the Globe for Humanity"

یہ مہم 6 سے 20 ستمبر 2025ء تک دنیا کے 65 ممالک میں بیک وقت منعقد کی جا رہی ہے، جس کا مقصد لوگوں کو چلنے، دوڑنے اور سائیکلنگ جیسے صحت منداور مثبت عمل کی طرف راغب کرنا ہے، تاکہ فلاحی منصوبوں کے لئے شعور بیدار ہو اور فنڈز جمع کئے جا سکیں۔

ہیومینٹی فرسٹ، جس کا قیام 1995ء میں عمل میں آیا، گزشتہ تین دہائیوں میں دنیا بھر میں تعلیم، صحت، پانی کی فراہمی، آفاتِ سماوی میں امداد اور یتیم و بیواؤں کی کفالت جیسے بے شمار منصوبے کامیابی کے ساتھ مکمل کر چکی ہے۔ آج یہ تنظیم بلا امتیاز رنگ و نسل اور مذہب، انسانیت کی خدمت کے جذبے کے ساتھ 65 سے زائد ممالک میں اپنی خدمات پیش کر رہی ہے۔

احمدیہ مسلم جماعت عالمگیر کے سربراہ حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی عظیم الشان روحانی قیادت میں یہ تنظیم دنیا بھر میں رفاہی اور فلاح و بہبود کے کام کر رہی ہے۔

اس عالمی مہم میں ''ہیومینٹی فرسٹ انڈیا'' بھی بھرپور شمولیت اختیار کر رہی ہے۔ بھارت کے 15 صوبہ جات (پنجاب، کیرلہ، تامل ناڈو، کرناٹک، تلنگانہ، مہاراشٹر، راجستھان، اڈیشہ، بنگال، آسام، جموں و کشمیر، دہلی، ہریانہ، بہار اور جھارکھنڈ) میں یہ مہم باضابطہ طور پر منعقد کی جا رہی ہے۔ اس کے تحت عوام کو

چلنے، دوڑنے اور سائیکلنگ کے ذریعے شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے تاکہ فلاحی کاموں اور چیریٹی کی سرگرمیوں میں مزید تعاون حاصل کیا جاسکے۔

ہیومینٹی فرسٹ پنجاب چیپٹر نے بھی کئی معروف اداروں اور کلبوں جیسے Decathlon، Fit، Bikers Club، The Pedallers، Cycling Club Amritsar اور دیگر ریجنل سائیکلنگ کلبز کے تعاون سے خصوصی سائیکلنگ چیلنجز منعقد کر رہی ہے۔

یہ خصوصی سائیکلنگ چیلنج نہ صرف کھیل اور صحت کے فروغ کے لئے ہے بلکہ اس کا مقصد عوام میں فلاحی شعور اجاگر کرنا اور انسانیت کی خدمت کے لئے زیادہ سے زیادہ افراد کو آگے لانا ہے۔



انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت